© rasailojaraid.com

# تعارف وتبصرۂ کتب

## پاکستان میں مسیحیت

تالیف : ڈاکٹر محمد رضا صدیقی

ناشر : مسلم اکادمی - ۲۹/۱۸ محمد نگر لاہور

قیمت : چالیس روپے صفحات : ۵۲۰

برصغیر پاک وہند میں مسیحیت کا پھیلاؤ ایک عبرت انگیز داستان ہے جس کی طرف بہت کم توجہ دی گئی ہے - جناب امداد صابری صاحب کی تالیف "فرنگیوں کا جال" اس موضوع پر پہلی قابل ذکر کتاب ہے - انہوں نے برصغیر میں جلال الدین اکبر کے زمانے سے لے کر برطانوی عہدِ اقتدار تک مسیحیت کے پھیلاؤ کا جائزہ لیا ہے - اس تالیف کے بعد مسیحیت کے بارے میں مناظرانہ اور تحقیقی انداز کی کتابیں تو شائع ہوتی رہیں مگر کسی نے مسیحی تبلیغی اداروں کی رازدارانہ اور کھلم کھلا سرگرمیوں کا جائزہ نہیں لیا حتیٰ کہ ۱۹۶۵ء میں ایک مسیحی پرچے "SPECTATOR" نے اشاعتِ مسیحیت پر ایک رپورٹ شائع کی - اس رپورٹ سے پاکستان میں بھی ہلچل پیدا ہوئی - چند کتابچے منظرِ عام پر آئے - جناب حافظ نذر احمد صاحب نے پاکستان میں فروغِ مسیحیت پر اعداد و شمار کی زبان میں گفتگو کی اور اہلِ نظر کو پاکستان میں ارتداد کی تشویشناک صورتِ حال کی طرف توجہ دلائی -

حال ہی میں کراچی یونیورسٹی میں جناب ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی صاحب نے پاکستان میں اشاعتِ مسیحیت پر مقالہ تحقیق پیش کیا اور انہیں پی - ایچ - ڈی کی سند دی گئی - موصوف نے آٹھ سال کی مسلسل محنت سے موضوع کا حق ادا کیا - انہوں نے اپنی حاصل کردہ معلومات کا ایک حصّہ مناسب ترتیب و تدوین کے بعد "پاکستان میں مسیحیت" کے نام سے پیش کیا ہے جو پیشِ نظر ہے -

موصوف نے مسیحی اداروں کی رپورٹوں، مبلغوں سے گفت و شنید اور مبلغوں سے متاثر افراد کی معلومات سے حیران کن انکشافات کئے ہیں - یہ انکشافات دین کی تڑپ رکھنے والوں کے لئے لمحۂ فکریہ مہیا کرتے ہیں - انہوں نے مسیحی مبلغوں کے طریقِ کار پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ پاکستان میں مختلف مسیحی فرقے کام کر رہے ہیں جن کے عقائد میں تضاد پایا جاتا ہے اور ایک دوسرے

© rasailojaraid.com